ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(85)

مورخہ 15.02.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 05ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید اور تھانہ عنائتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02ملزمان رومیل عرف رومی مسیح اور عبدالرزاق کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 45لیٹر شراب برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سٹی حاصل پور اور تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03ملزمان غلام مصطفیٰ،علی حسنین اور اعجاز کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 02عدد پسٹل 30بور اور 01عدد ریوالور 32بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (86)

15.02.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاریوں کے احکامات، پولیس خدمت مرکز ٹیم نے 03 سال سے روپوش مجرم اشتہاری کو گرفتار کرلیا۔مجرم جتنا بھی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے مفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے جاری احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ پولیس خدمت مرکز ٹیم نے جنرل ویریفکیشن کروانے کے لئے آنے والے شخص عبدالمجید کو سروس فراہم کیں تو معلوم ہوا کہ مذکورہ شخص تھانہ سمہ سٹہ پولیس کو عرصہ تقریبا03 سال سے مطلوب تھا۔جس کو پولیس خدمت مرکز ٹیم نے گرفتار کرلیا اور تھانہ سمہ سٹہ پولیس کے حوالے کر دیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مجرم جتنا بھی ہوشیار کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاریوں کے احکامات، پولیس خدمت مرکز ٹیم نے 03 سال سے روپوش مجرم اشتہاری کو گرفتار کرلیا

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (87)

مورخہ 15.02.24

بہاول پور (   ) ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ کوتوالی اور CIA پولیس کی مشترکہ کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار۔ لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔ عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ کوتوالی اور CIA پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان عبدالوہاب، ذیشان اور راشد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیتی 06 عدد موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکل ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کئے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ کوتوالی اور CIA پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ کوتوالی اور CIA پولیس کی مشترکہ کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد